© rasailojaraid.com



شیخ الحدیث مولانا فیض احمد ملتان — مولانا سید امیر الحسینی الندوی انڈیا

# مجلسِ شوریٰ وفاق المدارس العربیہ

کی

# تعزیتی قرارداد

۲۹ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۹ھ کو وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس شوریٰ کا سالانہ اجلاس قاسم العلوم ملتان میں منعقد ہوا جس میں وفاق کی مجلس عاملہ کے ارکان کے علاوہ چاروں صوبوں سے دینی مدارس کے مہتممین، نمائندوں، اکابر علماء، اور مشائخ نے بھرپور شرکت کی کارروائی کے آغاز میں شیخ الحدیث حضرت مولانا فیض احمد صاحب ملتان نے شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ کے لئے تعزیتی قرارداد پیش کی۔ جسے متفقہ طور پر منظور کر لیا گیا۔ ذیل میں اس قرارداد کے متن کے علاوہ المرکز الاسلامی احمد آباد ھند کے امیر سید امیر الحسینی الندوی کا تعزیتی مکتوب بھی نذرِ قارئین ہے۔ (ع ق ح)

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس شوریٰ کا یہ عظیم اجلاس استاذ العلماء محدث کبیر عارف باللہ شیخ الحدیث مولانا عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ سرپرست وفاق المدارس کے سانحۂ ارتحال پر حد درجہ رنج والم کے اظہار کے ساتھ ساتھ مرحوم کے دینی و علمی خدمات اور قومی و ملّی اور سیاسی کارناموں پر انہیں زبردست خراجِ تحسین پیش کرتا ہے مرحوم وفاق المدارس پاکستان کے سرپرست اعلیٰ تھے۔ ان کی توجہ، مفید مشوروں اور دعاؤں سے الحمدللہ کہ وفاق نے اپنے اہم مقاصد اور اہداف میں خوب ترقی کی ہے۔ اس لحاظ سے وفاق تاقیامت مرحوم کا ممنون اور شکرگذار رہے گا۔ مرکز علم دارالعلوم حقانیہ، عظیم قومی و ملی اور ملکی و سیاسی خدمات، پارلیمنٹ میں مجاہدانہ کردار وفاق المدارس کی تنظیم، کارکردگی، وفاق کی سطح پر علماء کے اتحاد اور امت کا یہ مرکزی ادارہ بھی مرحوم کے لئے عظیم صدقہ جاریہ ہے۔ موجودہ دور میں امت مسلمہ کو درپیش اہم مسئلہ افغانستان کی آزادی اور وہاں پر اسلامی حکومت کا



© rasailojaraid.com